پاکستان سکول وزارتِ تعلیم مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020/2021

جماعت: دوازدہم	مضمون: اُردو لازمی	کتاب کا نام: اُردو لازمی
عنوان: افسانہ: مائیں	صفحہ نمبر: 78 تا 86	پہلی سہ ماہی نوٹس اور سرگرمیاں

عنوان: افسانہ: مائیں (کپاس کا پھول)

مصنف کا نام: احمد ندیم قاسمی

تعارف مصنف:

ولادت: 1916ء وفات: 2006ء

احمد ندیم قاسمی کی شخصیت کے کئی پہلو ہیں۔ وہ ایک بلند پایہ شاعر، مفرد افسانہ نگار، ممتاز صحافی اور عمدہ نقاد تھے۔

انھوں نے کئی ادبی رسائل شائع کیے ان میں پھول، تعلیمِ نسواں، نقوش، سحر، فنون اور روزنامہ امروز شامل ہیں۔

احمد ندیم قاسمی کا پہلا افسانہ "بدنصیب بت تراش" ہے۔ ان کے افسانوں کا موضوع دیہات میں رہنے والے عام لوگوں کے مسائل اور جذبات ہیں۔

اگرچہ ندیم کی زیادہ توجہ افسانہ نگاری پر رہی لیکن اُنھوں نے نظم اور غزل دونوں کہیں ہیں اور دونوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، تاہم اُن کی پہچان غزل کے حوالے سے ہے۔ ان کے مجموعہء کلام "دشتِ وفا" پر انھیں "آدم جی ایوارڈ" ملا ہے۔

مشقی سوالات کا حل

1۔ سبق کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) دونوں بیگمات کے برعکس اُن کے شوہروں کے تعلقات کیسے تھے؟

جواب: دونوں بیگمات کے شوہر آپس میں اچھے دوست تھے۔ بیویوں کی لڑائی سے بے نیاز وہ اکٹھے سیر کرنے جاتے، اٹھتے بیٹھے، گپ شپ کرتے تھے، وہ بیویوں کی لڑائی کو عورتوں کا معاملہ کہہ کر اس میں دخل نہ دیتے تھے۔

(ب) لڑائی کا آغاز عموماً کس کی طرف سے ہوتا تھا؟

جواب: لڑائی کا آغاز عموماً بیگم راجا کی طرف سے ہوتا تھا اور بیگم خواجہ بھی اسی انتظار میں ہوتیں کہ بیگم راجا کب ابتدا کرے۔

(ج) زلزلہ آنے پر بیگم راجہ کا کیا ردِ عمل تھا؟

جواب: زلزلہ آنے پر بیگم راجہ سمجھیں کہ بیگم خواجہ نے پلنگ گھسیٹا ہے۔ دونوں گھروں کی دیواریں ساتھ ملی ہوئیں تھیں اس لئے ایک کے گھر میں کوئی آواز یا شور ہوتا دوسرے گھر میں سنائی دیتا تھا، اب پلنگ کی آواز سن کر بیگم راجہ، بیگم خواجہ کو برا بھلا کہنے لگیں۔

(د) محلے کے بزرگ کے سمجھانے پر راجہ صاحب کا کیا جواب تھا؟

ج واب: راجا صاحب نے بزرگ کو بولا: یہ عورتوں کا معاملہ ہے، ہم اس میں دخل نہیں دیتے۔ آپ اپنی بیگم کو بھیج کر انھیں سمجھائیں، ورنہ یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں۔ اکٹھے رکھے ہوئے دو برتن بھی ٹکرا کر بج اُٹھتے ہیں تو یہ دونوں تو ماشاءاللہ جیتی جاگتی عورتیں ہیں۔

(ہ) پانی کی بالٹی میں گیند گرنے پر دونوں بیگمات کا کیا مؤقف تھا؟

جواب: بیگم راجا کا مؤقف یہ تھا کہ بیگم خواجہ نے جان بوجھ کر گیند بھگوئی ہے تاکہ وہ گیلی مٹی سے آلودہ ہو جائے اور بچے کے ہاتھ گندے ہوں، وہ کپڑوں کو ہاتھ لگائے تو کپڑے گندے ہوں، گندے کپڑے دھونے میں میرا وقت، صابن اور پانی خرچ ہو۔

جب کہ بیگم خواجہ کا خیال تھا کہ گیند بچے نے نہیں 'بیگم راجہ' نے پھینکی ہے۔ تاکہ مجھے پانی منگوانا پڑے اور میرے پیسے خرچ ہوں۔

(و) بچے کا زخم دیکھ کر بیگم راجا نے کیا ردِ عمل ظاہر کیا؟

جواب: بیگم راجا کا ردعمل پہلے سے مختلف تھا۔ اس نے بیگم خواجہ کے بچے کو گود میں اُٹھالیا اور پیار کرنے لگیں اور جب اُس کا اپنا آیا تو اُسے پِیٹ ڈالا۔ ممتا، ہمدردی اور پیار کا اصل روپ سامنے آیا۔

سوال نمبر 2۔ "شائد یہی وجہ تھی کہ محلے والوں کو جھگڑے کا زیادہ لطف نہیں آتا تھا" اس جملے میں ایک مخصوص ذہنیت کی عکاسی ہوتی ہے۔ وضاحت کریں۔

جواب: وضاحت: انسان کی یہ کمزوری ہے کہ وہ دوسروں کی کردار کشی پر خوش ہوتا ہے۔ محلے والے یہ چاہتے تھے کہ یہ بیگمات ایک دوسرے پر الزام تراشی کریں، مگر وہ محض بددعائیں دے کر لوگوں کو مایوس کر دیتیں۔ مرد تو اس جھگڑے کو فضول کام سمجھ کر الگ ہو گئے اور عورتیں بھی محض تماشا دیکھنے کے لئے کھڑکیوں میں جھانکنے لگتیں تھیں۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل الفاظ پر اعراب لگائیں اور معنی لکھیں۔

عَالِم: عِلم والا	عَالَم: حالت، دنیا
عِلم: معلومات	عَلَم: جھنڈا
مُلک: وطن	مِلک: جاگیر، جائداد
مَلِک: فرشتہ	مَلک: بادشاہ

قواعد: رموز اوقاف

وقفہ: علامت (؛)

وقفہ (؛) جب سکتے سے زیادہ ٹھہرنے کی ضرورت ہو وہاں وقفہ استعمال کیا جاتا ہے، اس کا استعمال درج ذیل مواقع پر ہوتا ہے۔

1۔ جملے کے لمبے لمبے اجزا کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرنے کے لئے

2۔ جملوں کے مختلف اجزا پر زیادہ تاکید دینے کے لئے جیسے:

مثال: تم آؤ گے تو ہمیں خوشی ہو گی؛ نہ آؤ گے، تو صبر کر لیں گے۔

جن جملوں کے لمبے لمبے اجزا کے درمیان ورنہ، اس لئے، لہذا، اگرچہ، حالاں کہ وغیرہ جیسے الفاظ آئیں، وہاں ذہن کو سمجھنے کا موقع دینے کے لئے یہ علامت لگائی جاتی ہے۔

سرگرمی نمبر 1:

مشق میں سے سوال نمبر 3: متن کے مطابق خالی جگہ پُر کریں۔ کتاب پر حل کریں

سرگرمی نمبر 2:

وقفہ کی علامت استعمال کرتے ہوئے 5 جملے لکھیں۔

سرگرمی نمبر 3:

امدادی افعال والے جملوں پر ایک نظر ڈالیں۔

1۔ ہلکا سا زلزلہ آ گیا۔

2۔ جھگڑا سننا پڑا۔

3۔ زخمی کر دیا۔

4۔ بچے کو اُٹھا لیا۔

5۔ آمنہ رو رہی ہے۔

ان جملوں کو دیکھتے ہوئے مزید 5 جملے لکھیں۔

سرگرمیوں کو حل کرنے کے لئے کاپی یا پیپرز کا دستہ لے لیں، تاکہ آپ کا کام محفوظ رہے اور بعد میں چیک کیا جا سکے۔